فوری ریلیز کے لیے: 10/5/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL (ہوکل) کی قومی ہفتہ پولیس کے اعزاز میں ریاست نیو یارک کے اہم مقامات پر نیلی روشنیوں سے چراغاں کرنے کی ہدایت

اتوار، 10 مئی کی شام ریاست بھر میں سولہ اہم ریاستی مقامات پر نیلی روشنیوں سے چراغاں کیا جائے گا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک اور ملک بھر میں قانون نافذ کرنے والے افسران کی خدمات اور قربانیوں کے اعزاز میں قومی ہفتہ پولیس (National Police Week) کے اعتراف میں اتوار 10 مئی کی شام ریاست نیو یارک بھر کے 16 اہم مقامات پر نیلے رنگ کی روشنیوں سے چراغاں کیا جائے گا۔

"قومی ہفتہ پولیس کے دوران، ہم ان بہادر مرد و خواتین کا احترام کرتے ہیں جو ہماری کمیونٹیز کی حفاظت کے لیے ہر روز اپنی جانیں خطرے میں ڈالتے ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ہم دوسروں کی خدمت کے لیے اپنی جانیں قربان کرنے والے افسران اور نیویارک کے باشندوں کی حفاظت کے لیے کیے گئے بے لوث اقدامات کو بھی یاد کرتے ہیں۔ نیو یارک ہماری ریاست بھر کے قانون نافذ کرنے والے افسران کی جرات، عزم اور لگن کے لیے شکر گزار ہے۔"

آج رات اِن اہم مقامات پر نیلی روشنیوں سے چراغاں کیا جائے گا:

- ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر (One World Trade Center)
- البنی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے (Albany International Airport Gateway)
- الفریڈ ای سمتھ سٹیٹ آفس بلڈنگ (Alfred E. Smith State Office Building)
- ایمپائر سٹیٹ پلازہ (Empire State Plaza)
- ایری کینال پر فیئرپورٹ لفٹ پل (Fairport Lift Bridge)
- گرینڈ سینٹرل ٹرمینل - پرشنگ سکوائر وایاڈکٹ (Grand Central Terminal - Pershing Square Viaduct)
- کوزی اوشکو برج (Kosciuszko Bridge)
- لیک پلیسڈ اولمپک سینٹر (Albany International Airport Gateway)
- مائنیہان ٹرین ہال (Moynihan Train Hall)
- Penn - MTA LIRR سٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے (East End Gateway at Penn Station)
- نیاگرا فالز (Niagara Falls)
- سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ (State Education Building)
- سٹیٹ فیرگراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر (State Fairgrounds – Main Gate & Expo Center)
- دی ایچ کارل مک کال SUNY بلڈنگ
- "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج ("Franklin D. Roosevelt" Mid-Hudson Bridge)
- روزویلٹ آئی لینڈ لائٹ ہاؤس (Roosevelt Island Lighthouse)

قومی ہفتہ پولیس، جو اس سال اتوار، 10 مئی سے ہفتہ، 16 مئی تک منایا جائے گا، قانون نافذ کرنے والے افسران کی خدمات اور قربانیوں کے اعتراف میں ہے اور ان لوگوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے جنہوں نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانیں گنوائیں۔

نیو یارک اسٹیٹ پولیس (New York State Police) سپرنٹنڈنٹ Steven G. James (سٹیون جی جیمز) نے کہا، "قومی ہفتہ پولیس اس جرات، قربانی، اور غیر متزلزل عزم کی ایک پختہ یاد دہانی ہے جس کا مظاہرہ ہماری ریاست اور ملک بھر میں قانون نافذ کرنے والے افسران ہر روز کرتے ہیں۔ ہم ان لوگوں کی یاد کا احترام کرتے ہیں جنہوں نے دوسروں کی خدمت کرتے ہوئے جان کی قربانی دی، اور ہم ان مرد و خواتین کے عزم کا اعتراف کرتے ہیں جو پیشہ ورانہ مہارت، دیانتداری اور ہمدردی کے ساتھ اپنی کمیونٹیز کی حفاظت کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ نیویارک اسٹیٹ پولیس کی جانب سے، ہم قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تمام ارکان اور ان کے اہل خانہ کا ان کی خدمات اور قربانیوں پر دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے خدماتِ فوجداری انصاف (Division of Criminal Justice Services, DCJS) کی کمشنر Rossana Rosado (روسانا روزاڈو) نے کہا، "قومی ہفتہ پولیس قانون نافذ کرنے والے پیشہ ور افراد کی غیر معمولی لگن کو تسلیم کرنے کا ایک موقع ہے جو نیو یارک کے باشندوں کو محفوظ رکھنے کے لیے ہر روز مصروف عمل رہتے ہیں۔ ہم ان افسران کی یاد بھی مناتے ہیں جنہوں نے اپنی کمیونٹیز کی خدمت کرتے ہوئے اپنی جانیں دیں اور ان خاندانوں، دوستوں اور ساتھیوں کے ساتھ کھڑے ہیں جو ان کی میراث کو آگے بڑھانا جاری رکھے ہوئے ہیں۔"

ریاست نے ایمپائر اسٹیٹ پلازہ میں حال ہی میں اپنی سالانہ پولیس آفیسرز میموریل یادگاری تقریب کی میزبانی کی (Police Officers Memorial Remembrance Ceremony)، جہاں گورنر Hochul (ہوکل) نے 56 افسران کو شامل اعزاز کیا جن کے نام نیو یارک اسٹیٹ پولیس آفیسرز میموریل (New York State Police Officers Memorial) میں شامل کیے گئے ہیں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں